فری میڈیکل کیمپ

دینہ (تحصیل رپورٹر) انجمن بہبودی مریضاں دینہ پاکستان و ڈنمارک کے زیر انتظام 15 اپریل بروز اتوار پرائمری ہیلتھ سنٹر دینہ کے الاقبال آئی بلاک میں 29 فری آئی کیمپ لگایا جائے گا۔ فری آئی کیمپ کے جملہ انتظامات اور مریضوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کیلئے عہدیداران و اراکین انجمن کا اجلاس زیر صدارت لالہ محمد رزاق صدر انجمن منعقد ہوا۔ انجمن کے سینئر عہدیدار حاجی محمد حسین نے بتایا کہ 29 ویں فری آئی کیمپ کیلئے ان کی ایک عزیزہ مسز رضوانہ نصیر حال بر منگھم اپنے والد بشیر احمد ملک مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کیلئے سپانسر کریں گی۔